FAIRFAX - FALLS CHURCH
Community Services Board

# CSBخدمات اور جانچ کاری کا تعارف



Fairfax-Falls Churchکمیونٹی سروسز بورڈ (Community Services Board)، جسے CSB بھی کہا جاتا ہے، ہماری کمیونٹی میں تبدیلی لانے کی خاطر کوشاں ہے۔ .ہم پچاس سے زائد سالوں سے Fairfaxکے علاقے کی خدمت کرتے آئے ہیں اور Fairfaxکاؤنٹی کے رہائشیوں اور FairfaxاورFalls Church کے شہروں کو ہر ممکنہ بہترین علاج اور خدمات کی فراہمی کے لئے پرعزم ہیں۔ .
ہم آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لئے یہاں موجود ہیں۔ .

ہم ایسے جوان اور بالغ رہائشیوں کی مدد کرتے ہیں کہ جنہیں:

- دماغی مرض لاحق ہو
- منشیات کے استعمال سے عوارض (جنہیں بعض اوقات لت کہتے ہیں) لاحق ہوں، اور/یا
- نشوونمائی معذوریوں کا سامنا ہو۔

صحتیابی اور شفایابی کی جانب قدم بڑھانا آپ اور آپ کے گھر والوں کی جانب سے تعاون کا متقاضی ہے۔
CSBعملہ اور خدمات کے معاہدہ یافتہ فراہم کنندگان آپ کی مدد کی خاطر یہاں موجود ہیں۔

## آپ کی CSBداخلی اور حوالہ جاتی خدمات آمد کے موقع پر کیا ہوتا ہے

نوجوان اور بالغ افراد ہمارے Merrifield Center (8221 Willow Oaks Corporate Parkway, Fairfax)کے مقام پر، پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا شام 5 بجےتک CSB کی داخلی اور حوالہ جاتی خدمات پر خدمات کی جانچ کروانے کی خاطر، پیشگی اپائنٹمنٹ لیے بغیر، بذات خود آ سکتے ہیں۔ اس کے بعد یہ کیا جائے گا۔




- آپ فرنٹ ڈیسک پر چیک ان کریں گے، اور عملہ ہمارا کیوسک استعمال کرتے ہوئے آپ کو سائن ان کرنے کا کہے گا۔ کیوسک انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہے۔
- اگر آپ کو کسی لسانی معاونت کی ضرورت ہو، تو براہ کرم عملے کو آگاہ کریں تاکہ حسب ضرورت ماہرانہ فون یا ویڈیو مترجم کا بندوبست کیا جا سکے۔
- آپ سے کاغذی کارروائی مکمل کرنے اور کچھ بنیادی ذاتی رجسٹریشن کی معلومات اور مختصراً اپنی آمد کا سبب فراہم کرنے کا کہا جائے گا تاکہ ہمیں آپ کے بنیادی خدشات اور ان علامات کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع مل سکے جن کے لئے آپ مدد طلب کر رہے ہیں۔
- CSBعملے کی جانب سے آپ کی معلومات کا جائزہ لیے جانے کے دوران آپ سے انتظار گاہ میں انتظار کرنے کا کہا جائے گا۔
- جب آپ کی معلومات کا جائزہ لے لیا جائے گا تو آپ کو CSB عملے سے ملاقات کے لئے بلایا جائے گا جو فرد کی علامات اور ہسٹری کے بارے میں مزید سوالات دریافت کرے گا۔



- CSB عملہ ایک الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ کے اندر معلومات ٹائپ کرے گا۔
- الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ میں فرد کی ذاتی معلومات شامل ہوتی ہیں اور اسے آپ کی اجازت کے بغیر شیئر نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی رازداری اور تحفظ اور عالت کی حکم کردہ شمولیت کی استثنائات کہاں وضع کی گئی ہیں اس بابت مزید معلومات پر کلینیشن کے ساتھ مزید گفت و شنید کی جائے گی۔
- کلینیشن آپ سے اس بارے میں بات چیت کرے گا کہ آیا آپ یا جس فرد کی آپ خدمات کے حصول میں مدد کر رہے ہیں وہ CSBخدمات کے لئے اہل ہے، یا کیا کمیونٹی میں کوئی اور وسیلہ بھی ہے جو زیادہ معاون اور موزوں ثابت ہو گا۔
- اگر آپ یا خدمات کا طلبگار فرد CSBکے داخلی معیار پر پورا اترتا دکھائی نہ دیا، تو آپ کو کمیونٹی کے دیگر سروس فراہم کنندگان اور ذرائع کی فہرست دی جائے گی۔ اگر آپ درج کردہ ان فراہم کنندگان سے مدد حاصل کرنے سے قاصر ہوئے، تو براہ کرم CSBسے 703-383-8500 پر رابطہ کریں اور ہم آپ کو دیگر ذرائع تلاش کرنے میں مدد دینے کی کوشش کریں گے۔
- اگر آپ یا خدمات کا طلبگار فرد CSBخدمات کے لئے اہل قرار پاتا ہے تو کلینیشن دماغی صحت اور/یا منشیات کے استعمال کا مزید مفصل معائنہ کرے گا، جس کے مکمل ہونے میں 90 منٹ تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

***اگلے صفحے پر جائیں →***

- معائنے کے بعد، فرد کو تشخیص اور علاج کی تجاویز وضاحت کے ساتھ بیان کی جائیں گی کہ جس میں آپ کو درکار نگہداشت کی سطح کی بنیاد پر، متعدد خدمات شامل ہو سکتی ہیں۔
- اگر آپ سی ایس بی خدمات کی پیروی میں سفارش کردہ خدمات کا تعاقب کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ، معالج آپ کی صحتیابی اور بحالی کی طرف سفر شروع کرنے کے اگلے اقدامات کی وضاحت کرے گا۔

اگر اس عمل، داخلے کے معیار، اور اپنے پہلے وزٹ پر لانے والی اشیاء کی بابت آپ کے مزید کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم ملاحظہ کریں **www.fairfaxcounty.gov/csb**یا 703-383-8500 پر ہمارے داخلی اور حوالہ جاتی دفتر کو کال کریں۔

## یاد رہے، ہم آپ اور آپ کے اہل خانہ کی مدد کی خاطر یہاں موجود ہیں۔ .

### مقامات

محدود اوقات کار کے دوران ان مقامات سے بذریعہ ٹیلی ہیلتھ – ویڈیو اور فون پر خدمات دستیاب ہیں:

- **Chantilly Center**, 703-968-4000
- **Gartlan Center**, 703-360-6910
- **Northwest Center Reston**, 703-481-4100
- **Heritage Center**, 703-533-0180
- **South County Center,** شعبۂ بیرونی مریضاں: 703-704-6355, جوان افراد: 703-704-6707
- **Merrifield Center**, 703-383-8500

Merrifield Center پر ہنگامی خدمات, 703-573-5679، 24/7 دستیاب ہیں 8221 Willow Oaks Corporate Dr., Fairfax, VA 22031, Lower Level

*اگر ممکن ہو، تو براہ کرم یہ دیکھنے کے لئے پیشگی طور پر 703-573-5679 کو کال کریں کہ کیا آپ کا بذریعہ ٹیلی ہیلتھ معائنہ کیا جا سکتا ہے۔ .*

### پیشکش کردہ خدمات

- فارمیسی خدمات
- ہنگامی خدمات
- تریاقی خدمات
- وم لیس ڈراپ ان
- گھر پر علاج
- گھر پر علاج
- انفرادی تھراپی
- معاونتی ہم آہنگی کیس کی تنظیم/
- گروپ تھراپی (بذریعہ ٹیلی ہیلتھ)
- فسیاتی خدمات
- نرسنگ خدمات

### رویہ جاتی صحت کی ایمرجنسی میں

**جان لیوا ایمرجنسی میں، 911 ملائیں۔**

ایمرجنسی خدمات، 703-573-5679، 24/7 دستیاب ہیں
Merrifield Center, 8221 Willow Oaks Corporate Drive, Fairfax VA 22031, Lower Level

*اگر ممکن ہو، تو براہ کرم یہ دیکھنے کے لئے پیشگی طور پر 703-573-5679 کو کال کریں کہ کیا آپ کا بذریعہ ٹیلی ہیلتھ معائنہ کیا جا سکتا ہے۔*

بحرانی استحکام کی خدمات دستیاب ہیں۔

Fairfax Detoxification Center, 703-502-7000، 24/7 دستیاب ہے
4213 Walney Road, Chantilly VA 20151

www.fairfaxcounty.gov/csb

@FairfaxCSB @FairfaxCSB

*Fairfax Countyتمام کاؤنٹی پروگرامز، خدمات <n/>اور سرگرمیوں میں معذوری کی بنیاد پر امتیاز نہ برتنے پر کاربند ہے۔ درخواست پر موزوں رہائشی انتظامات فراہم کیے جائیں گے۔ 703-324-7000 ، .TTY 711پر کال کریں۔*

*دسمبر2020*